# URDU COURSE (A) (CODE-003)

## CLASS- X

## 2024-25

اردو

کل نمبر:80 وقت:3 گھنٹے

**حصہ (الف) :عبارت فہمی اورشعرفہمی (Reading and Comprehension) 20**

☆ **دوغیردرسی اقتباسات(Unseen Passages)** (ایک نثری اورایک شعری) دیے جائیں گے۔دونوں اقتباسات پانچ پانچ نمبر کے ہوں گے۔نثری اقتباس 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگا اورشعری اقتباس میں دو بند/ پانچ اشعار دیے جائیں گے۔ ہر اقتباس میں عبارت فہمی اور شعرفہمی سے متعلق ایک جواب والا ایک سوال، ایک جملہ پر مشتمل جواب والے دوسوال اور متبادل جواب والے دوسوال دیے جائیں گے۔ (1X5+1X5=10)

☆ **دودرسی اقتباسات(Seen Passages)** (ایک نثری اورایک شعری) دیے جائیں گے۔دونوں اقتباسات پانچ پانچ نمبر کے ہوں گے۔نثری اقتباس 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگا اورشعری اقتباس میں دو بند/ پانچ اشعار دیے جائیں گے۔ ہر اقتباس میں عبارت فہمی اور شعرفہمی سے متعلق ایک جواب والا ایک سوال، ایک جملہ پر مشتمل جواب والے دوسوال اور متبادل جواب والے دوسوال دیے جائیں گے۔ (1X5+1X5=10)

**حصہ(ب): تحریری مہارت (Writing Skill) 25**

**مضمون نگاری:** 10

☆ 250 سے 300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھوایا جائے گا جو مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت دیا جاسکتا ہے۔

بے روزگاری، آلودگی: ایک سنگین مسئلہ، ذرائع ابلاغ، بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اوران کا حل، قومی اتحاد ملک کی ضرورت، گلوبل وارمنگ: ایک خطرہ، دہشت گردی ملک کی سالمیت کے لیے خطرہ وغیرہ

(اساتذہ اسی طرح کا کوئی اورعنوان بھی تجویز کر سکتے ہیں)

**درخواست/خطوط نگاری:** 04

☆ درخواست: شکایت نامہ، دعوت نامہ، اجازت نامہ

☆ خط: ذاتی، کاروباری

(اساتذہ اسی طرح کا کوئی اورعنوان بھی تجویز کر سکتے ہیں)

**درسی کتاب کے اسباق سے متعلق نوٹ:** 11

☆ درسی کتاب میں دیے گئے نثری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، مصنفین (راجندر سنگھ بیدی، سید عابد حسین، مولوی عبدالحق) کے حالات زندگی، طرز تحریر، کہانی کے کردار وغیرہ میں سے دوعنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (4X1=4)

☆ درسی کتاب میں دیے گئے شعری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، شعرا (شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ، فانیؔ بدایونی، محمد اقبالؔ) کے حالات زندگی وغیرہ میں سے دوعنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (3X1=3)

**معاون درسی کتاب کے اسباق سے متعلق نوٹ:۔**

☆ معاون درسی کتاب میں دیے گئے شعری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، شاعر کے حالات زندگی وغیرہ میں سے دو عنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (4X1=4)

**حصہ (ج): عملی قواعد (Grammar) 20**

**فعل اور فعل کی اقسام:** 05

☆ فعل لازم، فعل متعدی، فعل مرکب، فعل ناقص، فعل معروف، فعل مجہول، فعل ماضی، فعل حال، فعل مستقبل

**علم بیان اور علم بدیع:** 05

☆ تشبیہ (تشبیہ مفرد، تشبیہ مرکب)، استعارہ، کنایہ، صنعت تضاد، حسن تعلیل، تلمیح

**محاورے، ضرب الامثال اور کہاوت:** 05

☆ تعریف، معانی، جملے میں استعمال

**رموز واوقاف:** 02

☆ ختمہ، سکتہ، رابطہ، سوالیہ، فجائیہ

**شعری اصطلاحات:** 03

☆ مصرع، شعر، بند، قافیہ، ردیف، مقطع، مطلع، حسن مطلع

**حصہ (د): ادب (Literature) 15**

**نثری حصہ:۔** **04**

☆ درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

دو دو نمبر کے دو سوال (2X2=4)

**شعری حصہ:۔** **04**

☆ درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

دو دو نمبر کے دو سوال (2X2=4)

☆ معاون درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

دو دو نمبر کے دو سوال (2X2=4)

**اصناف:** 03

☆ افسانہ، سوانح، غزل، نظم، ڈراما، آپ بیتی

(تین اصناف دے کر کسی ایک پر نوٹ لکھوایا جائے گا۔)

**نصاب:**

**درسی کتاب:**

**''نوائے اردو''(دسویں جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب)**

**نوٹ: مندرجہ ذیل اسباق نصاب سے خارج ہیں:**

(۱) بھیک (افسانہ)

(۲) چوری اور اس کا کفّارہ (آپ بیتی)

(۳) چکبست لکھنوی (مضمون) آل احمد سرور

(۴) اشتہار ضرورت نہیں ہے کے ابن انشا

(۵) حقیقت حسن (نظم) اقبال

(۶) آندھی (نظم) کیفی اعظمی

(۷) رباعی فراق

**معاون درسی کتاب:**

**''گلزارِ اردو''(دسویں جماعت کے لیے معاون درسی کتاب)**

**نوٹ: مندرجہ ذیل اسباق نصاب سے خارج ہیں:**

(۱) سخی (افسانہ)

(۲) من کا طوطا (افسانہ)

(۳) دوشالہ (افسانہ)

(۴) مرزا چپاتی (خاکہ

**''اردو قواعد اور انشاء''(ثانوی اور اعلیٰ ثانوی درجات کے لیے)**